© rasailojaraid.com



# گوشۂ علمی و تعلیمی خبریں

مرتب: بشریٰ بیگ

**ا۔ بہترین استاذ کو ایوارڈ دینے کا منصوبہ پھر تعطل کا شکار، 16 میں سے 8 اضلاع نے نام بھجوائے، باقی رہ جانے والوں سے جواب طلبی کی جائے، وزیر تعلیم۔**

کراچی (اسٹاف رپورٹ) صوبہ سندھ میں اساتذہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور ان کے درمیان مسابقت کی فضاء قائم کرنے کے لئے ایوارڈز دینے کا منصوبہ ایک بار پھر تعطل کا شکار ہوگیا ہے۔ 6 اضلاع میں سے صرف 8 اضلاع نے اپنے منتخب اساتذہ کے نام صوبائی محکمہ تعلیم کو بھجوائے ہیں جس کا صوبائی وزیر تعلیم ڈاکٹر حمیدہ کھوڑو نے سخت نوٹس لیا ہے اور سیکریٹری تعلیم ہاشم لغاری کو ہدایت کی ہے کہ وہ فوری طور پر اساتذہ کے نام نہ بھیجنے والے ای ڈی اوز سے جواب طلب کریں، جن 8 اضلاع نے اپنے اساتذہ کے ناموں کی فہرست محکمہ تعلیم کو نہیں بھجوائی ہے ان میں نوابشاہ، تھرپارکر، دادو، جیکب آباد، گھوٹکی، ٹھٹھہ، سانگھڑ اور خیرپور شامل ہیں، یاد رہے کہ اساتذہ کو ایوارڈ دینے کا منصوبہ سابق سیکریٹری تعلیم نذر حسین مہر کے دور میں تیار کیا گیا تھا اور اس مقصد کے لئے خطیر رقم بھی مختص کی گئی تھی مگر ان کے تبادلے کے بعد اس منصوبے کو عملی جامعہ نہیں پہنایا جاسکا، اساتذہ ایوارڈ کے لئے صوبہ سندھ کے بہترین ٹیچر کو ایک لاکھ، ضلع کے 50 ہزار اور دیگر کو ہزار روپے انعامات دیئے جانے تھے۔

(جنگ، کراچی، ۲۳ راگست ۲۰۰۵ء)

## ہائر ایجوکیشن کمیشن اور ایم فل / پی ایچ ڈی میں داخلے

جناب پروفیسر ڈاکٹر عطاء الرحمٰن صاحب (وفاقی وزیر) کی کوششوں سے ہائر ایجوکیشن کمیشن کا قیام عمل میں آیا ہے اور اس ادارہ نے جہاں ہائر ایجوکیشن کے فروغ کے لئے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تاریخی و انقلابی اقدمات کیئے ہیں وہیں اسکالرشپ و دیگر ترغیبات کے ذریعے اساتذہ کو پی ایچ ڈی کرنے کے لئے متوجہ کیا ہے۔

ہم نے ڈاکٹر صاحب کے پروگرام کو فروغ دینے کے لئے ۱۵/ جنوری ۲۰۰۵ء کو بمقام جناح گورنمنٹ کالج ناظم آباد میں بعنوان **''اصول تحقیق، تصنیف، تالیف کالم نگاری اہداف وطریقہ کار''** ایک روزہ شاندار سیمینار کا انعقاد کیا تھا جس کا مقصد اساتذہ کرام کو تحقیق و تصنیف کی جانب راغب کرنا تھا۔ (اس سیمینار میں پیش کردہ مقالات اس خصوصی شمارہ کا حصہ ہیں) دوسری کوشش کے نتیجہ میں چھ اساتذہ کرام نے قومی سیرت کانفرنس اسلام آباد ۲۰۰۵ء کے لئے اپنی تحقیقی مقالات ہمارے تعاون سے تیار کیئے چار اساتذہ کے مقالات سیرت ایوارڈ کے لئے منتخب ہوئے اور انہوں نے وزیر اعظم پاکستان جناب شوکت عزیز صاحب سے اپنے ایوارڈز وصول کیئے۔

۳۹/ اساتذہ سمیت دیگر حضرات نے ہماری منعقدہ **صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس** بمقام جناح یونیورسٹی برائے خواتین میں اپنے تحقیقی مقالات پیش کیئے (جنہیں جنوری ۲۰۰۶ء کے شمارے میں انشاء اللہ شائع کیا جائے گا)

ہماری تنظیم ڈاکٹر صاحب کے پروگرام و مشن کو آگے بڑھانے کے لئے ہر طرح سے تعاون کو تیار ہے۔

ہمارا پروگرام اور کوشش ہے زیادہ سے زیادہ اساتذہ کو ایم فل/ پی ایچ ڈی کرنے کے لئے راغب کیا جائے اور ان کے داخلہ کے لئے ہر ممکنہ تعاون کیا جائے اساتذہ کرام کو جامعہ کراچی کے موجودہ ڈین فیکلٹی اسلامک اسٹڈیز ڈاکٹر عبدالرشید کی جانب سے پیدا کردہ متعدد مشکلات کا سامنا ہے امید ہے ۲/ جنوری ۲۰۰۶ء کو موصوف کی ریٹائرمنٹ کے بعد ایسا ماحول پیدا ہو جائے گا جو یونیورسٹی کے وقار میں اضافہ جامعہ و کالج اساتذہ کے بہتر روابط کا سبب ہوگا اور اساتذہ کو سات سالہ مشکلات سے نجات مل جائے گی۔

اس حوالہ سے ہم وفاقی اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر جناب ڈاکٹر اقبال محسن صاحب و دیگر ذمہ داران کے تہہ دل سے ممنون ہیں جن کے تعاون کی بدولت اب تک ایم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فل/ پی ایچ ڈی میں کئی سو اساتذہ کی رجسٹریشن ہو چکی ہے۔

بلکہ جامعہ کراچی کے مذکورہ ڈین کے رویہ کے باعث خود جامعہ کراچی کے متعدد اساتذہ نے اپنے زیر نگرانی طلباء کے داخلے وفاقی اردو یونیورسٹی میں بھیجنے شروع کردیئے ہیں۔

اب تک جامعہ کراچی کے جن اساتذہ نے اپنے زیر نگرانی وفاقی اردو یونیورسٹی میں داخلہ بھیجے ہیں ان میں پروفیسر ڈاکٹر حسام الدین منصوری صاحب چیئر مین شعبہ اصول الدین، پروفیسر ڈاکٹر ریحانہ صاحبہ شعبہ اسلامیات ڈاکٹر عبید احمد (لیکچرار سلیکشن گریڈ) خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔

انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ نے وائس چانسلر وفاقی اردو یونیورسٹی کی انہی شاندار خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے ان کی خدمت میں یادگاری ایوارڈ پیش کیا گیا ہے۔

وائس چانسلر جناح یونیورسٹی صاحب سابقہ ڈین صاحبہ اور پروفیسر ثریا قمر صاحبہ کے تعاون کی بدولت ہم یونیورسٹی میں صوبائی سیرت کانفرنس کے انعقاد میں کامیاب ہوئے انہی تعاون و خدمات کے اعتراف میں ہم نے وائس چانسلر صاحب کو انجمن کی جانب سے یادگاری ایوارڈ بھی دیا تھا۔

ایم فل/ پی ایچ ڈی میں رجسٹرڈ اساتذہ کرام اور نئے رجسٹریشن کے خواہش مند اساتذہ کو داخلوں کے پروسیجر، موضوعات کے انتخاب، مآخذات تک رسائی اور تھیسس کی ترتیب و تدوین میں رہنمائی کے لئے فروری ۲۰۰۶ء میں ایک روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا جارہا ہے دلچسپی رکھنے والے اساتذہ کرام تحریراً رابطہ فرمائیں تاکہ انہیں پروگرام کی تفصیل سے آگاہ رکھا جائے۔

---

## حکومت نے مدارس کی آزادی برقرار رکھنے کا عزم کر رکھا ہے۔

## وفاقی وزیر مذہبی امور

۱۱ اور ۱۲ مارچ کو اسلام آباد میں مدارس کے وفد سے مذاکرات کے بعد اہم فیصلے کئے جائیں گے، مذاکرات کے دوران مدارس کے رجسٹریشن، اسناد اور دیگر معاملات زیر غور آئینگے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جامعہ بنوریہ کو گزشتہ سال بم دھماکے سے ہونے والے نقصانات کی تلافی کے لئے وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ سندھ سے بات کرونگا، جامعہ بنوریہ آمد کے موقع پر مفتی محمد نعیم اور دیگر علماء کرام سے گفتگو۔

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مذہبی امور اور مسلم لیگ (ق) کی مرکزی نائب صدر اعجاز الحق نے کہا ہے کہ حکومت نے مدارس کی آزادی برقرار رکھنے کا عزم کر رکھا ہے اور اس ضمن میں ۱۱ اور ۱۲ مارچ کو اسلام آباد میں مدارس کے وفد سے مذاکرات کے بعد اہم فیصلے کیئے جائیں گے۔ مذاکرات کے دوران مدارس کے رجسٹریشن، اسناد اور دیگر معاملات زیر غور آئیں گے، انہوں نے کہا کہ حکومت چاہتی ہے کہ مدارس ایجوکیشن بورڈ کا نام تبدیل کر کے وفاق کے ساتھ مل کر دینی مدارس کے نصاب کا مشترکہ امتحانی پرچہ ترتیب دیا جائے، انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ حکومت مزید ماڈل مدارس قائم نہیں کرے گی، انہوں نے مفتی نعیم کی جانب سے ملک بھر کے مدارس کو یوٹیلیٹی بلوں سے مستثنیٰ قرار دینے کے حوالہ سے کیئے گئے مطالبے کے جواب میں کہا کہ میں اس مسئلے پر صدر اور وزیر اعظم سے بات کروں گا، انہوں نے کہا کہ جامعہ بنوریہ کو گزشتہ سال بم دھماکے سے ہونے والے نقصانات کی تلافی کے لئے وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ سندھ سے بات کروں گا، ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ میں مذہب کے خانے کی بحالی کا فیصلہ سینیٹ کی کمیٹی کرے گی، قبل ازیں مفتی نعیم نے انہیں جامعہ بنوریہ کا دورہ کرایا، اس موقع پر وفاقی وزیر نے جامعہ بنوریہ کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا، دار الافتاء، دار التصنیف، انٹرنیشنل ایجوکیشن سینٹر، بنوریہ ہسپتال، بنوریہ ویلفیئر ٹرسٹ کا دورہ کیا اور تمام شعبوں کی تعریف کی۔

---

## لندن دھماکے اور دینی مدارس کا موقف

### (حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری، ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ کے تاثرات)

### انوارِ مدینہ / ستمبر ۲۰۰۵ء

لندن میں خودکش دھماکوں کے ذریعے جو جانیں ضائع ہوئی ہیں اور خوف و ہراس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی کیفیت پیدا ہوئی ہے اس سے دنیا کا ہر باشعور شخص پریشان ہے اور دنیا بھر کے امن پسند لوگ اس دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے اس کا شکار ہونے والے افراد اور خاندانوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔

پاکستان میں دینی مدارس کا سب سے بڑ فورم ''وفاق المدارس العربیہ پاکستان'' بھی اس تشویش و اضطراب میں دنیا کے امن پسند افراد اور حلقوں کے ساتھ شریک ہے اور پُرامن شہریوں کے خلاف کی جانے والی اس کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے متاثرہ افراد، خاندانوں اور پوری برطانوی قوم کے ساتھ ہمدردی اور یک جہتی کا اظہار کرتا ہے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مرکزی قائدین شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان، مولانا محمد حسن جان، مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر نے لندن بم دھماکوں کی پرزور مذمت کی ہے اور انہیں عالمی امن کے لئے انتہائی خطرناک قرار دیا ہے۔ جناب نبی کریم ﷺ نے حالتِ جنگ میں بھی بچوں، بوڑھوں، عورتوں اور جنگ سے لاتعلق افراد کو قتل کرنے سے منع کیا ہے چہ جائیکہ حالت امن میں بے گناہ شہریوں کا اس طرح خون بہایا جائے اور خوف و دہشت کی کیفیت پیدا کی جائے۔ اس لئے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ لندن میں گزشتہ دنوں کئے جانے والے بم دھماکے جن کے نتیجے میں پچاس سے زائد افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے اور سینکڑوں زخمی ہوئے ہیں، امن کو سبوتاژ کرنے کی مذموم حرکت کے مترادف ہیں اور ان کی مذمت ہر ذی ہوش انسان کر رہا ہے۔

اس کے ساتھ ہی وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی قیادت دو اہم امور کی طرف عالمی رائے عامہ اور بین الاقوامی حلقوں کو متوجہ کرنا ضروری سمجھتی ہے۔ ایک یہ کہ دہشت گردوں کے خلاف موجودہ عالمی جنگ کا ٹھنڈے دل و دماغ کے ساتھ از سرنو جائزہ لینے کی ضرورت ہے کیونکہ عالمی سطح پر دہشت گردی کی کوئی تعریف طے کئے بغیر کسی بھی گروہ کو یک طرفہ طور پر دہشت گرد قرار دے کر اس کے خلاف کی جانے والی کارروائی انصاف کے تقاضوں پر پوری نہیں اترتی اس سے شکوک وشبہات کم ہونے کی بجائے اضافہ ہو رہا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ان اسباب و عوامل کو نظر انداز کر دینا بھی اس مبینہ دہشت گردی کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خاتمہ کے بجائے اس کے مزید فروغ کا باعث بن رہا ہے۔ جن اسباب وعوامل کے نتیجہ میں اس مبینہ دہشت گردی نے جنم لیا ہے اور جن کی طرف عالمی طاقتوں کے سنجیدگی کے ساتھ متوجہ نہ ہونے کی وجہ سے تشدد کی کارروائیوں کی حمایت کا دائرہ وسیع ہوتا جارہا ہے، اس کے ساتھ ہی یہ بات بھی محل نظر ہے کہ لندن کے مذکورہ بم دھماکوں کی ذمہ داری کے حوالے سے پاکستان کے دینی مدارس کو عالمی میڈیا کے ذریعے بلاوجہ طعن وتشنیع کا نشانہ بنایا جارہا ہے حالانکہ یہ بات ایک سے زائد بار دلائل وشواہد کے ساتھ واضح ہو چکی ہے کہ پاکستان کے دینی مدارس میں کسی طرح کی کوئی فوجی تربیت نہیں دی جاتی حتیٰ کہ چند ماہ قبل اسلام آباد میں دینی مدارس کے ایک بھرپور کنونشن میں پاکستان کے سابق وزیر داخلہ چودھری شجاعت حسین نے صاف لفظوں میں اعلان کیا کہ انہوں نے اپنے دور میں پورے ملک کے مدارس کی چھان بین کرائی مگر کوئی مدرسہ بھی دہشت گردی کی تربیت میں ملوث نہیں پایا گیا۔ نیز گزشتہ دو سالوں کے دوران ملک کے درجنوں دینی مدارس پر چھاپے مارے گئے ہیں اور اچانک آپریشن کیا گیا ہے لیکن کوئی ہتھیار یا ٹریننگ کے آلات موجود نہیں پائے گئے حتیٰ کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے حکومت کے ساتھ مذاکرات اور کھلے اعلانات کے ذریعہ متعدد بار اعلان کیا ہے کہ ملک کے کسی بھی دینی مدرسہ کے بارے میں یہ شکایت پائی جائے کہ اس میں اسلحہ کے استعمال کی ٹریننگ دی جارہی ہے تو اس کی نشاندہی کی جائے، اگر اس کا ثبوت فراہم ہوگیا تو اس مدرسے کے خلاف کارروائی میں خود وفاق بھی حکومت کے ساتھ شریک ہوگا مگر اس کے باوجود دینی مدارس کو مسلسل ہدف تنقید بنایا جارہا ہے اور ان کی کردارکشی کی جارہی ہے۔

اس لئے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی ہائی کمان اس امر کا ایک بار پھر اعلان ضرور سمجھتی ہے کہ پاکستان کے دینی مدارس میں صرف اور صرف تعلیم دی جاتی ہے اور قرآن و سنت کے علوم سے نئی نسل کو آراستہ کیا جاتا ہے۔ تعلیم اور دینی تربیت کے سوا ان مدارس کی سرگرمیوں میں اور کوئی بات شامل نہیں ہے، اور قرآن وسنت اور ان کے متعلقہ علوم کی تعلیم اور ان کے مطابق نئی نسل کی دینی تربیت کے مشن سے وفاق المدارس سرمو انحراف کے لئے تیار نہیں اور اس سلسلہ میں کسی سطح پر کوئی دباؤ قبول نہیں کیا جائے گا۔ البتہ عسکری ٹریننگ اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دوسرے مذاہب کے خلاف عسکری محاذ آرائی کی فکری تربیت نہ ان مدارس میں دی جاتی ہے اور نہ ہی کسی مرحلہ میں اس کا پروگرام مدارس کے اہداف میں شامل ہے، اور اس حوالہ سے وفاق المدارس کی ہائی کمان پاکستان کی حکومت اور بین الاقوامی حلقوں کو ہر قسم کی ضمانت دینے کے لئے ہر وقت تیار ہے۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ لندن کے خودکش دھماکوں میں مبینہ طور پر ملوث افراد کے بارے میں کہا جا رہا ہے کہ انہوں نے پاکستان کے بعض دینی مدارس میں تعلیم پائی ہے اس لئے دینی مدارس اس مبینہ دہشت گردی میں ملوث ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ یہ قطعی طور پر غیر منطقی اور غیر حقیقی بات ہے، اولاً تو اس لئے کہ اس کا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ خودکش دھماکوں میں کون لوگ ملوث ہیں، دوسرے یہ بھی کسی طریقہ سے ثابت نہیں کہ ان دہشت گردوں نے پاکستان کے دینی مدارس میں تعلیم حاصل کی ہے۔ جب وہ لوگ ہی معلوم نہیں تو ان کی تعلیم گاہ کیسے معلوم ہوگئی، اور اگر بالفرض یہ بات ثابت بھی ہو جائے کہ ان افراد نے کسی وقت پاکستان کے کسی دینی مدرسہ میں تعلیم پائی ہے تو اسے ان کی کارروائی میں مدارس کی شمولیت کی دلیل نہیں بنایا جا سکتا، اس لئے کہ دنیا بھر میں مختلف حوالوں سے دہشت گردی قتل و غارت ڈکیتی اور سنگین جرائم میں ملوث افراد نے کہیں نہ کہیں ضرور تعلیم حاصل کی ہے اور ان میں ہاورڈ، آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹیوں کے تعلیم یافتہ حضرات کی بھی ایک اچھی خاصی تعداد مل جائے گی، لیکن کسی ڈاکو اور قاتل نے اگر آکسفورڈ میں تعلیم پائی ہے تو اس کے لئے یہ نہیں کہا جاتا اور نہ کہا جا سکتا ہے کہ آکسفورڈ یونیورسٹی میں ڈاکہ کی تعلیم دی جاتی ہے، اور اگر کسی فوج سے بھاگے ہوئے افراد مجرموں کا گروہ بنا لیں تو ان کے لئے بھی اس فوج کو ذمہ دار قرار نہیں دیا جاتا، اس لئے چند افراد کی کارروائی کو دینی مدارس کے کھاتے میں ڈال کر دینی مدارس کے پورے نظام کو بدنام کرنے کی مہم حقائق کا منہ چڑانے کے مترادف ہے۔ خاص طور پر اس پس منظر میں کہ یہ بات طے ہے کہ دینی مدارس میں کسی قسم کی دہشت گردی کی تربیت نہیں دی جاتی اور ایسی کارروائی کرنے والوں نے یہ تربیت بہر حال کہیں اور حاصل کی ہے اور دہشت گردی کی تربیت کے اصل سرچشموں کا بہر حال سراغ لگانے کی ضرورت ہے۔ اس لئے ہم دنیا بھر کے انصاف پسند حلقوں اور افراد سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ دینی مدارس کے خلاف عالمی حلقوں اور میڈیا کے اس یکطرفہ پروپیگنڈے کا نوٹس لیں اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پر امن ماحول میں اسلامی تعلیمات سے نئی نسل کو روشناس کرانے والے اداروں کو اس جارحانہ اور معاندانہ پروپیگنڈے سے بچانے کے لئے کردار ادا کریں۔

---

## جامعہ کراچی، جعلساز پروفیسر سمیت ۲۱/اساتذہ کی ترقی کی سفارش، ڈاکٹر جلال الدین نوری نے مولانا شبلی نعمانی کا مضمون اپنے نام سے شائع کرایا، سابق ڈین اسلامک لرننگ نااہل قرار دے چکے ہیں۔

کراچی (رپورٹ: مرتضٰی کے زلفی) جامعہ کراچی کی تین رکنی کمیٹی نے جلعسازی اور علمی مطبوعات میں سرقہ کے مرتکب ایسوسی ایٹ پروفیسر سمیت ۲۱ اساتذہ کو اگلے عہدوں پر ترقی دینے کی سفارش کی ہے اور ۳ اساتذہ کو ریفریز رپورٹ کی بنیاد پر ترقی دینے سے انکار کردیا ہے، ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری کی 2002ء میں سنڈیکیٹ نے تنزلی کی بھی ہے تفصیلات کے مطابق ۲۸ اگست ۲۰۰۴ء کو جامعہ کراچی سنڈیکیٹ کے ریزولوشن نمبر۲ (A) کے تحت سلیکشن بورڈ ۱۹۹۹ء کے ''رفر بیک کیسز'' کے لئے ۳ رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے کنوینر پروفیسر ڈاکٹر محمد فہیم الدین جبکہ ڈاکٹر رفیق عالم خان اور پروفیسر ڈاکٹر ناصر الدین خان ممبر ہیں، اس کمیٹی نے ۲۱ جولائی ۲۰۰۵ء کو وائس چانسلر کراچی یونیورسٹی کو ۲۷ مختلف کیسوں پر مبنی اپنی جو رپورٹ بھجوائی ہے، اس میں اسلامک لرننگ ڈپارٹمنٹ کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری کا بھی نام شامل ہے جن کے لئے کہا گیا ہے کہ انہیں ڈاکٹر مولوی فضل کی طرح بحیثیت پروفیسر دوبارہ تقرری دے دی جائے، اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری اور ڈاکٹر مولوی فضل کو ۱۹۹۸ء میں اسلامک لرننگ ڈپارٹمنٹ کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر اختر سعید صدیقی نے ایسوسی ایٹ پروفیسر کے لئے نااہل قرار دے دیا تھا لیکن بعد میں آنے والے اور موجود ڈین پروفیسر ڈاکٹر عبد الرشید (واضح رہے ڈاکٹر عبد الرشید کے خلاف ...... متعدد جعل سازیوں اور کرپشن کے الزامات کی تحقیقات ہو رہی ہیں کچھ پر فیصلے دیئے جا چکے ہیں) کی مہربانی سے مذکورہ دونوں افراد کو ۲۰۰۰ء میں سلیکشن بورڈ کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سفارش پر پروفیسر بنا دیا گیا، بعد ازاں دونوں افراد پر علمی مطبوعات میں سرقہ کا الزام لگایا گیا جبکہ ڈاکٹر نوری نے قومی شناختی کارڈ میں اپنی تاریخ پیدائش ۱۹۵۰ء کی جگہ ۱۹۵۶ء بھی کرائی جس کی قومی شناختی کارڈ آفس سے تصدیق ہوگئی، یاد رہے کہ ''نادرا'' کا قیام عمل میں آنے سے قبل کسی بھی ڈسٹرکٹ آفس کو قومی شناختی کارڈ میں درج عمر میں ۵ برس سے زائد کی تبدیلی کا اختیار نہ تھا بلکہ اس کے لئے اسلام آباد سے خصوصی اجازت لینی ضروری تھی، اس کے علاوہ ڈاکٹر نوری نے مولانا نعمانی کا مضمون حوالہ دیئے بغیر اپنے نام سے شائع کرایا اور سرقہ کے مرتکب ہوئے دونوں افراد پر سرقہ ثابت ہونے کے بعد ڈاکٹر مولوی فضل کو تحریری معافی پر ملازمت پر بحال کردیا گیا تھا، انہیں ریٹائرمنٹ کے بعد ۲ سالہ توسیع دی گئی جبکہ ڈاکٹر نوری نے معافی نامہ داخل کرنے سے انکار کردیا تھا لہٰذا ۱۹/ اکتوبر ۲۰۰۲ء کو سابق شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید سیفی کی زیر صدارت ہونے والے سنڈیکیٹ کے اجلاس میں کیئے گئے فیصلے کے مطابق ڈاکٹر جلال الدین نوری نے جامعہ کراچی کی ملازمت اختیار کرتے وقت جو اپنی تاریخ پیدائش درج کروائی تھی اسی کو ان کی اصل تاریخ پیدائش ۱۹۵۰ء تسلیم کیا جائے گا۔ انہوں نے اپنی تاریخ پیدائش میں تبدیلی سے متعلق جو نیا شناختی کارڈ ۱۹۵۶ء فراہم کیا ہے اس پر انہیں شوکاز نوٹس جاری کیا جائے کہ اس غلط بیانی پر کیوں نہ ان کی ملازمت ختم کردی جائے، سنڈیکیٹ نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ ڈاکٹر نوری کی پروفیسر کی اسامی سے تنزلی کرکے بحیثیت ایسوسی ایٹ پروفیسر تعینات کردیا جائے لیکن اب جامعہ کراچی کی مذکورہ ۳ رکنی نے اس شرط پر ڈاکٹر نوری کو پروفیسر کے عہدے پر ترقی دینے کی سفارش کی ہے کہ وہ ڈاکٹر مولوی فضل کی طرح تحریری معافی مانگیں، کمیٹی کی اس سفارش پر جامعہ کراچی کے سینئر اساتذہ نے نام شائع نہ کرنے کی شرط پر کہا کہ اول تو علمی مطبوعات میں سرقہ کے مرتکب ڈاکٹر مولوی فضل کو معافی دینا غلط ہے اور اب ایک غلط روایت کو مثال بنا کر کسی کو بھی ترقی دی گئی تو یہ سنگین غلطی کے مترادف ہوگا، سنڈیکیٹ کے مذکورہ اجلاس میں شریک سندھ ہائی کورٹ کے جناب جسٹس شبیر احمد نے دوران اجلاس بتایا تھا کہ تاریخ پیدائش کے تعین کے لئے پہلا ثبوت تاریخ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پیدائش کا سرٹیفکیٹ ہوتا ہے اس کے بعد میٹرک کا سرٹیفکیٹ ہوتا ہے اور ان دونوں ثبوت کے نہ ہونے کی صورت میں امیدوار اپنی ملازمت میں جو تاریخ پیدائش پہلی مرتبہ ریکارڈ کرواتا ہے اسی کو اس کی درست تاریخ پیدائش تسلیم کیا جائے گا جبکہ ۲۱ جولائی ۲۰۰۵ء کو ۳ رکنی کمیٹی نے ڈاکٹر نوری سمیت جن امیدواروں کو ترقی دینے کی سفارش کی ہے ان میں اسلامک لرننگ ڈپارٹمنٹ کے ایک اور امیدوار ڈاکٹر حسام الدین بھی شامل ہیں جنہیں پروفیسر کے عہدے پر ترقی دینے کے لئے ڈاکٹر فضل اور ڈاکٹر نوری کے حاصل کردہ نمبروں کا حوالہ دیا گیا ہے، اس کے علاوہ جن ایسوسی ایٹ پروفیسرز کو پروفیسر بنانے کی سفارش کی گئی ہے ان میں کیمسٹری ڈپارٹمنٹ کے ڈاکٹر سید اظہر علی، ڈاکٹر دلشاد وقار، ڈاکٹر زاہدہ خالد میتھمیٹک ڈپارٹمنٹ کے ڈاکٹر عارف کمال، ڈاکٹر سرور جہاں زولوجی ڈپارٹمنٹ کی ڈاکٹر تسنیم ثاقب، جینٹک ڈپارٹمنٹ کی طلعت حیدر، اسلامک لرننگ ڈپارٹمنٹ کے غلام مہدی، فزیالوجی ڈپارٹمنٹ کی فرحت زبیر، قمر امین اور پی اے آر سی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے ڈاکٹر فہیم اللہ خان شامل ہیں، اس کے علاوہ ترقی پانے کے منتظر جن اسسٹنٹ پروفیسرز کو ایسوسی ایٹ پروفیسر بنانے کی سفارش کی گئی ہے ان میں ڈاکٹر ماجد اور شائستہ جبیں (کیمسٹری ڈپارٹمنٹ) رشید اور شمع حبیب (جنرل ہسٹری) ڈاکٹر عارف حسین (فزکس)، ڈاکٹر نعیم اے غنی اور محمد عتیق اللہ (ایم آر سی) اور ڈاکٹر ایم ظہیر خان (زولوجی) شامل ہیں جبکہ کمیٹی نے کیمسٹری ڈپارٹمنٹ کی ڈاکٹر بشریٰ خان فزکس ڈپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ پروفیسر نصیر الدین اور بائیو کیمسٹری ڈپارٹمنٹ کی ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ پروین کو اگلے عہدوں پر ترقی دینے سے انکار کر دیا ہے۔

اس کے علاوہ پروفیسر ڈاکٹر محمد فہیم الدین، ڈاکٹر رفیق عالم اور پروفیسر ڈاکٹر ناصر الدین خان کی کمیٹی نے یہ سفارش بھی کی ہے کہ فزیالوجی ڈپارٹمنٹ کی اسسٹنٹ پروفیسر رقیہ حسن اردو ڈپارٹمنٹ کی ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر مہ جبین زیدی اور اسلامک لرننگ ڈپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر نصیر احمد کے کیسز سلیکشن بورڈ کو پیش کئے جائیں، ذرائع کے مطابق مذکورہ سفارشات ۳۰ جولائی ۲۰۰۵ء کو ہونے والے سنڈیکیٹ کے اجلاس میں پیش کر دی گئی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں اور جسٹرار پروفیسر سکندر مہدی نے ۱۲راگست کو صرف ڈاکٹر نوری کی ترقی کا خط جاری کردیا ہے باقی کیسز پر سنڈیکیٹ کے حتمی فیصلے کا انتظار ہے، مذکورہ رپورٹ کی تیاری کے دوران ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ اگر انہیں یہ ثابت کردیا جائے کہ انہوں نے کون سی غلطی کی ہے تو وہ فوری طور پر معافی مانگنے کو تیار ہیں، تاریخ پیدائش کے حوالے سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ان کے پاس برتھ سرٹیفکیٹ نہیں ہے لیکن سروس رولز کے تحت قومی شناختی کارڈ کی بنیاد پر کسی کو ترقی سے محروم نہیں کیا جاسکتا کیونکہ مجھے کبھی نااہل قرار نہیں دیا گیا آخر میں ڈاکٹر نوری نے کہا کہ علمی مطبوعات میں سرقہ کے حوالے سے میں نے آف دی ریکارڈ وضاحت سید یعقوب زیدی کو دی تھی لیکن وہ سب کچھ ریکارڈ پر لے آئے اور انہوں نے انصاف کے تقاضوں کو پورا نہیں کیا ہے۔

## امریکہ میں قطرینہ سیلاب کی تباہی اور امداد کی اپیل

امریکہ میں قطرینہ سیلاب کی تباہی کے نتیجہ میں ملک کی سب سے اہم بندرگاہ اور ۲۵ فیصد تیل فراہم کرنے کا مرکز تباہی سے دوچار ہے تباہی سے قبل نیو اور لینز کے حوالہ سے فیڈرل ایمرجنسی مینجمنٹ نے یہ وارننگ دی تھی لیکن حکومت نے علاقہ کے تحفظ کے لئے مختص فنڈ عراق جنگ پر صرف کردیا اور یہاں مامور فوج کو عراق بھیج دیا تھا تباہی کے پانچ دن بعد عراق سے متعلقہ دستے پہنچے اور انہوں نے ایکشن لیا لیکن اس سے قبل زبردست لوٹا ماری سے مہذب ملک کا مہذب معاشرہ گذر چکا تھا۔

کویت نے قطرینا سیلاب کے لئے ۵۰۰ ملین ڈالر کی امداد کا اعلان کیا، دیگر عرب ممالک نے بھی امداد کی پیشکش کی۔ (جنگ کراچی ۵ر ستمبر ۲۰۰۵ء)

واضح رہے اس سے قبل امریکہ نے عالمی مدد کی اپیل کی تھی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## چیف سیکرٹری کے خوش آئند عزائم

ملازمین کو ریٹائر ہونے کے اگلے دن سے فوائد دیئے جائیں، چیف سیکریٹری

اے جی سندھ کے دفاتر سے روابط کو فروغ دیا جائے، سیکرٹریز کو ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکریٹری سندھ فضل الرحمان نے صوبائی سیکرٹریز اور ماتحت اداروں کے سربراہوں پر زور دیا ہے کہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ ملازمین ریٹائر ہونے کی تاریخ کے اگلے دن پنشن اور ریٹائرمنٹ سے متعلق جملہ سہولتوں سے مستفید ہوسکیں، اس سلسلے میں اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ کے دفاتر سے روابط کو فروغ دیا جائے اور ملازم کے ریٹائرمنٹ سے ٦ ماہ قبل اس کی پنشن اور ریٹائرمنٹ کے کیس پر کام شروع کردیا جائے تاکہ جب وہ ریٹائر ہوتو اسے اپنی پنشن اور ریٹائرمنٹ سے متعلق دیگر مراعات کے حصول کے لئے دفاتر کے چکر کاٹنے کی تکالیف کا سامنا کئے بغیر مراعات ملنے لگیں۔ (جنگ، کراچی، ۲۳ر اگست ۲۰۰۵ء)

## علم وقلم کی برکتیں

چیف ایڈیٹر نے جامعہ اَبی ہریرہ نوشہرہ کے مہتمم مولانا عبد القیوم حقانی مدظلہٗ کی دعوت پر ان کے مدرسہ کا دورہ کیا اس موقع پر علماء وطلباء سے درج ذیل خطاب کیا۔

حضرت مولانا عبد القیوم حقانی صاحب کے حکم پر چند کلمات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ میں بھی ایک طالب علم ہی ہوں اور دورانِ سفر اپنے علم میں اضافہ اور استفادہ کی جستجو رہتی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ یہ سلسلہ جاری ہے، جس طرح آپ حضرات اس عظیم ادارے میں حصول علم کے لئے آئے ہیں، میں نے بھی کراچی کے ایک بہت معروف ادارے جامعۃ العلوم الاسلامیہ (جو علامہ بنوریؒ کا جامعہ ہے) سے درسِ نظامی کی تعلیم حاصل کی اور اس کے بعد یونیورسٹی میں پڑھا۔ ''علماءِ دیوبند کی قرآنی خدمات'' پر میں نے پی ایچ ڈی یعنی ڈاکٹریٹ کا مقالہ لکھا (یہ مقالہ ابھی تک شائع نہیں ہوا ہے)۔ میرا خصوصی موضوع ہمیشہ علماءِ حق اور ان کی خدمات رہی ہیں۔ ان کی خدمت میں حاضر ہونا، ان سے استفادہ کرنا یہ میرا طریقہ رہا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپ کے ہاں صوبہ سرحد میں بہت کم علماء ہیں، جو صاحبِ قلم بھی ہوں، صاحبِ لسان تو بہت سارے سرحد میں گذرے ہیں، لیکن صاحب قلم بہت کم ہیں اور جو صاحبِ قلم تھے، ان کی تصانیف بھی یا تو شائع ہی نہیں ہوئیں یونہی ضائع ہوگئیں یا مسودات کی شکل میں موجود ہیں۔ آپ کے جامعہ سے بھی یقیناً بڑے جامعات صوبہ سرحد میں موجود ہوں گے، لیکن آپ کے جامعہ ابو ہریرہؓ کو ایک خصوصیت یہ حاصل ہے کہ یہ جامعہ سرحد میں تو یقیناً جانا پہچانا جاتا ہے۔ ہمارے سندھ اور ملک کے کونے کونے بلکہ بیرونِ ممالک میں بھی اس کو مکمل تعارف حاصل ہے۔

اور اس کے تعارف کا سبب دو چیزیں ہیں۔ ایک تو ماہنامہ رسالہ ''القاسم'' اور دوسرے مولانا عبد القیوم حقانی کی تصانیف۔ یہ دو امتیازی خصوصیات ہیں، جن کی وجہ سے جامعہ ابو ہریرہ کو پہچان و تعارف میں امتیازی مقام حاصل ہے۔ ہم جب خود پڑھتے تھے، اس وقت تک تو مولانا حقانی صاحب کی دو چار تصانیف ہی منظر عام پر آئی تھیں، لیکن اس کے بعد ماشاء اللہ مولانا نے جتنا علمی کام کیا ہے، اب آپ کہیں چلے جائیں، کسی بھی مدرسہ، ضلع، صوبہ بلکہ کسی بھی ملک میں چلے جائیں اور وہاں علمی و دینی، مطالعاتی حلقے ہوں، تبلیغی اور دعوتی حلقے ہوں، مولانا حقانی کی آپ کو کوئی نہ کوئی کتاب وہاں ضرور مل جائے گی۔

مولانا نے بتایا کہ اس ادارہ کو قائم ہوئے ابھی چند سال ہی ہوئے ہیں، ماشاء اللہ چند سال میں جو مقبولیت اس کو حاصل ہوئی، یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ مستقبل میں یہ ادارہ ملک کے معروف ترین اداروں میں شمار ہوگا اور طالب علم اپنی اس مادرِ علمی پر زندگی کے ہر شعبہ میں فخر کریں گے اور اپنے ادارہ سے نسبت کو فخریہ طور پر پیش کریں گے۔

دیکھئے! ہم بہت کچھ بولتے ہیں، سنتے ہیں، لیکن بولنے کی مدت اور عمر بہت مختصر ہوتی ہے۔ آپ نے آج صبح ایک لیکچر دیا، ایک درس دیا، شام تک طالبعلموں سے بھول جاتا ہے یا اس میں سے کچھ حصہ ہی یاد رہتا ہے، لیکن قلم انسان کو ہمیشہ زندہ رکھتا ہے، جب تک وہ کتاب چھپتی رہتی ہے، مصنف زندہ رہتا ہے، مصنف کی عمر بیشک 50 سال ہو یا 60 سال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہو۔ امام ابن تیمیہؒ آج بھی اپنی تصانیف کی وجہ سے زندہ ہیں، امام غزالیؒ آج بھی زندہ ہیں، جتنے بڑے بڑے لوگ ہیں، جن کی کتابوں سے ہم استفادہ کرتے ہیں، وہ آج بھی زندہ ہیں، ان کا جسم اگرچہ ہمارے درمیان موجود نہیں، لیکن ان کا علم اور فیض پھیل رہا ہے۔ ان کے علم اور قلم نے ان کو زندہ رکھا ہوا ہے۔ میں آپ حضرات سے کیا خطاب کروں میں خود ایک طالب علم ہوں۔ ایک کالج میں پڑھاتا ہوں، اور یہی اپنا شغل ہے۔

آپ کو اللہ نے عظیم لائبریری دی ہے۔ القاسم اکیڈمی آپ کے سامنے ہے۔ مولانا حقانی کی صحبت وتلمذ آپ کو حاصل ہے۔ میری دلی دعا ہے کہ آپ کو اللہ پاک علم وقلم کی عظیم رفعتوں سے مالا مال فرمائے۔ (آمین)


# ایک روزہ ورکشاپ

فروری ۲۰۰۶ء کے آواخر میں ایم فل/ پی ایچ ڈی اسکالرز یا داخلے کے خواہش مند اساتذہ کرام کے لئے ایک روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا جارہا ہے،

جو خواتین وحضرات اس میں دلچسپی رکھتے ہیں

وہ جلد از جلد چیف ایڈیٹر سے رابطہ کر کے اپنے ناموں کی رجسٹریشن کرالیں

خط و کتابت کے لئے رابطہ

آفس 162 سیکٹر 8/L اورنگی ٹاؤن کراچی۔

فون: 6659703، موبائل: 0300-2664793

ای میل: www.drsalahuddinsani@yahoo.com


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# گوشۂ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل

# رسالہ پر نقد و نظر / روداد و تاثرات

مرتب: پروفیسر حافظ حسن عامر

## فہرست مضامین شمارہ نمبر ۱ جلد ۱ فروری تا جولائی ۲۰۰۵ (سیرت النبی ﷺ نمبر)


۱ نعت (صلاۃ و سلام) ۱

۲۔ فہرست ۵

۳۔ پیغامات ۷

۴۔ اداریہ (عہد حاضر اور ہم) ۱۵
پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

**گوشۂ اردو:**

۵۔ دہشت گرد فسادی اور عدم برداشت کا علمبردار کون؟ ۲۱
مولانا محمد اسعد تھانوی

۶۔ عہد حاضر میں انتہاء پسندی کا رجحان اور اس کا خاتمہ، تعلیمات نبوی کی روشنی میں ۳۷
پروفیسر قاری بدر الدین

۷۔ روشن خیال، اعتدال پسند اسلامی معاشرے کی تشکیل و ضرورت ۶۹
مولانا سعید احمد صدیقی

۸۔ روشن خیالی و اعتدال پسندی تعلیمات نبوی ا کی روشنی میں ۱۱۱
پروفیسر نسرین وسیم

۹۔ مذہبی انتہاء پسندی کا جائزہ، سیرت طیبہ ا کے آئینہ میں ۱۵۷
پروفیسر سید شعیب اختر


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




۱۰۔ آپ کا عطا کردہ روشن خیال اور اعتدال پسند معاشرہ ۱۷۹
پروفیسر مشتاق کلوٹا

۱۱۔ خلفاء راشدین کی مذہبی رواداری ۲۳۵
بشریٰ بیگ

۱۲۔ مغربی رواداری اور عراقی قیدی ۲۵۱
حافظ زاہد محمود

۱۳۔ پہلی سیرت انسائیکلوپیڈیا، سعودی عرب کی عظیم خدمت ۲۵۷
مفتی محمد نعیم

۱۴۔ گوشۂ تعارف وتبصرۂ کتب ۲۶۴

۱۵۔ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کی مختصر تاریخ ۲۷۱
پروفیسر سرور حسین خان

۱۶۔ ریسرچ اسکالر سے درخواست، ۲۷۷

۱۷۔ گوشۂ علمی وتعلیمی خبریں ۲۸۴

۱۸۔ سیمینار (اصول تحقیق، تصنیف، تالیف، کالم نگاری، اہداف وطریقہ کار) ۲۸۹
پروفیسر عبدالحفیظ


## گوشۂ عربی


۱۹۔ حُرية الإيمان والدين بين المذاهب و الحضارات والحلم الاسلامی ۲۹۱
الاساتذ الدکتور صلاح الدین ثانی

۲۰۔ الافراط والتفریط فی ضوء سیرة النبویة ﷺ، ۲۳۵
الاستاذ مولانا محمد عمار خان


## گوشۂ سندھی


۲۱۔ محسن انسانيت جي مذهبي رواداري ۳۲۷
صبغت الله مهيسر

۲۲۔ اسلام رواداری جو علمبردار ۳۵۷
عبدالقادر چاچڑ


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۳۔ تعارف جامعہ بنوریہ ۳۷۵

## گوشۂ انگلش


24. God's Trust To Man & Prophet'sRole to its Fulfillment 1
A. K M. Moslem Ali
25. Islam, Enlightening The World 11
Professor Dr. Farhat Azim
26. Tolerance and Terrorism In the light of Holy Profit (P.B.U.H.) 19
Ghulam Abbass Jhatial.
27. Need To Eliminate the Tendency of Religious Extremism 33
Muhammad Bilal.


---

## مولانا مشتاق احمد، شیخ الحدیث جامعہ عربیہ چنیوٹ

بخدمت گرامی قدر پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی مدظلہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہٗ ۔ مزاج گرامی

آپ کا مرسلہ ششماہی رسالہ ''علوم اسلامیہ'' موصول ہوا، یادفرمائی ونوازش کا ازحد شکریہ یہ خط پریشان حالی ومنتشر خیالی کی کیفیت میں لکھ رہا ہوں، اسے وصولی کی رسید سمجھئے، ذہنی سکون حاصل ہونے پر اشاعت کے لئے الگ خط لکھوں گا، آپ سے یہ گزارش ہے کہ احقر کا ایڈریس اپنے پاس محفوظ فرمالیں اور آئندہ ہر شمارہ VP ارسال فرماتے رہیں، ایسے مفید رسالہ کا خریدار نہ بننا آپ کی حوصلہ شکنی کے مترادف ہے۔

---

## ڈاکٹر ہمایوں عباس، شعبہ اسلامیات، جی سی یونیورسٹی لاہور

جناب پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی مدظلہٗ العالی!

السلام علیکم!

خوبصورت علمی تحقیقات، کا مرقع ''علوم اسلامیہ'' انٹرنیشنل دیکھا، تحقیقی روایات کو آگے بڑھانے پر آپ یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں، سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تناظر میں عصری مسائل کی تفہیم یقیناً اس پر آشوب دور میں علمی جہاد ہے۔

---

## پروفیسر ڈاکٹر محمد انعام الحق کوثر صاحب

پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ نے بہت عمدہ تحقیقی رسالہ کا اجراء کیا ہے آپ کے نئے شمارہ کے لئے اپنا مضمون و کتابیں ارسال کررہا ہوں۔

مضمون شائع کر کے اور تبصرہ فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔ اپنے رسالہ کی پانچ کاپیاں میرے پتہ پر ارسال کردیا کریں۔

نوٹ: ڈاکٹر صاحب نے فون کر کے مزید پانچ کاپیاں دوبارہ طلب فرمائیں اور احباب کو متوجہ فرمایا جس پر ہم سب آپ کے نہایت ممنون ہیں۔

---

## مولانا محمود الرشید حدوٹی : ایڈیٹر ماہنامہ آب حیات،

پیش نظر میگزین ''علوم اسلامیہ'' اردو، عربی سندھی اور انگریزی چار زبانوں میں کراچی سے شائع ہوتا ہے۔ اس کے مدیر اعلیٰ محترم جناب ڈاکٹر پروفیسر صلاح الدین ثانی صاحب ہیں، جن کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تحقیق وجستجو کی عادت ودیعت ہوئی ہے، آپ اپنی تحقیقی شاہکار تحریروں پر کئی مرتبہ ایوارڈز حاصل کرچکے ہیں، علمی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ ''علوم اسلامیہ'' ڈاکٹر ثانی کی متجسسانہ اور محققانہ طبیعت کا عکاس وغماز ہے، یہ پہلا شمارہ ہے، جس میں مختلف اقسام وانواع کے مضامین قاری کی علمی تشنگی بجھا رہے ہیں، عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ تحریریں شمارے کا طغرائے امتیاز ہے، دہشت گردی، روشن خیالی، انتہا پسندی اور رواداری جیسے اہم عنوانات پر اہل قلم نے سیر حاصل مواد پیش کیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے، میگزین کے سرپرست معروف عالم دین مفتی محمد نعیم صاحب ہیں، جوازخود ایک ہفت روزہ اخبار اور بہت بڑے علمی مرکز کے سرپرست ہیں، مجلس ادارت میں ڈاکٹر محمود غازی، ڈاکٹر خالد علوی جیسی مقتدر شخصیات کا نام موجود ہے، ہماری نظر میں اورینٹل میگزین کے بعد یہ دوسرا میگزین ہے جسے چار زبانوں میں پیش کیا گیا، اور چاروں زبانوں کی مجلس ادارت مختلف اہل قلم، کہنہ مشق اور تجربہ کار شخصیات سے مزین ہے۔

---

## پروفیسر حافظ یامین شاہ:

اسسٹنٹ پروفیسر لیاقت گورنمنٹ کالج ملیر کراچی

ڈاکٹر پروفیسر صلاح الدین ثانی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جناب والا صفحہ ۱۸ اعندی قرآن پاک کی سورۃ طہ کی آیت سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَىٰ سے اگر استدلال کیا جائے تو بہتر ہوگا۔ نیز حدیث پاک میں جو ارشاد ہے كَانَ خُلُقُهُ خُلُقَ الْقُرْآنِ یہ بھی بہترین دلیل ہو سکتی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی قرآن پاک کی عملی تفسیر ہے نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا مقصد میں نے ان دو آیتوں میں پایا ہے لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ اور لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ یعنی انسان کی ذات کو کفر سے نکال کر اسلام کی طرف لانا اور پھر اسلام کو تمام ادیان پر غالب کرنا اور اس مثال سے بھی سیرت کا حق ادا ہو سکتا ہے۔

نیز آپ کے فرمان کے مطابق ما انا علیہ واصحابی بھی اس میں شامل ہیں جیسا کہ شاہ عبدالعزیزؒ نے ارشاد فرمایا کیونکہ وہ سیرت طیبہ کے آزاد، ہوش و ہواش، بہادر گواہی دینے والے ہیں انہوں نے اس بات کی تابعداری کی جس کو وہ حق سمجھتے تھے اور وہی اس کے محافظ بنے اور انہوں نے بھی اس سیرت طیبہ کو آگے بڑھایا، کیونکہ ان کے پاس اپنا تو کچھ تھا ہی نہیں جو کچھ ان کو ملا حضور کی سیرت متلو اور غیر متلو سے حاصل ہوا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# پروفیسر ڈاکٹر ایچ رشید احمد قاضی:

چیئرمین شعبہ اسلامیات، ہمدرد یونیورسٹی، کراچی

اس انجمن کے ہزاروں شب و روز گمنامی میں گذرنے کے بعد پھر کچھ اصحابِ فکر و عمل ایک صبح نو طلوع کرنے میں کامیاب ہوگئے چنانچہ ان کے بھرپور علمی و عملی گوشوں کے نتائج بھی سامنے آئے۔

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی ہر پر خلوص سعی و کاوش کی نہ صرف قدر کرتے ہیں بلکہ انہیں فائدہ مند بنا کر دوسروں کی نفع رسائی کی خاطر قبول بھی کر لیتے ہیں، اس کی مثال پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانیؔ چیف ایڈیٹر اور ان کے احباب کی جملہ خدمات کے صلہ میں ششماہی علومِ اسلامیہ انٹرنیشنل کا "سیرت النبی ﷺ نمبر" کا اجراء ہے، یہ ضخیم مجلہ ۴۲۸ صفحات پر مشتمل ہے۔

گنبد خضراء والے خوبصورت ٹائٹل نے اس کی شان کو چار چاند لگا دیئے ہیں کالج اساتذہ کی اس انجمن کی یہ اولین قابل ستائش مطبوعہ کاوش ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ اس تقریباً چالیس سالہ پرانی بنیادوں پر قائم انجمن میں شامل اصحاب محبت خلوص اور خدمت کے سچے جذبوں کے ساتھ آگے بڑھیں کہ بے ثمر رہنے والے گذشتہ ماہ و سال کی کمی سرعت اور تندہی سے پوری ہو جائے۔

خوش قسمتی سے اس وقت اس انجمن کی باگ ڈور جن اساتذہ کے حصے میں آئی ہے یہ بہت باصلاحیت اور بہت کچھ کر گذرنے کا عزم رکھتے ہیں، ان کے روح رواں پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی نے جس تھوڑے سے وقت میں اس بڑے کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے جس انداز سے محنت و کوشش کی ہے، بلاشبہ یہ انہی کا حصہ ہے، اصحاب فکر کو یکجا کر کے ایک بڑے کام کے لئے تیار کرنا انہیں خوب آتا ہے۔

اس شمارے میں ۲۲ اہم موضوعات پر مقالے پیش کئے گئے ہیں، سب سے زیادہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یعنی ۱۴ مضامین اردو زبان میں تخلیق کیے ہیں، انگریزی زبان میں ۴ سندھی اور عربی میں ۲،۲ مضامین ضبط تحریر میں لائے گئے ہیں، اس گلدستہ میں تمام مضامین ملکی اور بین الاقوامی حالات کے حوالے سے بہت اہمیت کے حامل ہیں، اس سب کے باوجود

اس مجلہ کو اپنی فکر ونظر کے اظہار کا ذریعہ سمجھتے ہوئے معیاری علمی اور تحقیقی مضامین تخلیق کر کے علمی حلقوں میں خصوصی طور پر مثالی شعور وآگہی کو فروغ دیں تا کہ صحیح معنوں میں اسلام اور نظریہ پاکستان کا محافظ ملک وملت کا ترجمان ثابت ہو، اس سے علوم اسلامیہ کے اساتذہ میں اپنی حقیقی ذمہ داریوں کا احساس بھی پیدا ہوگا اور انہیں آگے بڑھ کر کام کرنے کا موقع بھی ملے گا، اس سے نہ صرف ان کے وقار میں اضافہ ہوگا بلکہ اس طرح انجمن کو اپنے نیک مقاصد میں کامیابی بھی ہوگی اس عظیم خدمت پر میں تنظیم کے جملہ عہدیداران اور پوری اساتذہ برادری کو مبارک باد کا مستحق سمجھتا ہوں۔

---

## پروفیسر عبد المبین:

ایڈیٹر ماہنامہ ''ترجمان'' سندھ پروفیسرز لیکچررز ایسوسی ایشن،

علوم اسلامیہ، اسلامی موضوعات پر ایک تحقیقی مجلہ

انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز اسلامیات کے اساتذہ کی ایک نمائندہ تنظیم ہے جس کی بنیاد ۱۹۷۳ء میں رکھی گئی اور تب سے یہ تنظیم کراچی کے کالجوں میں اسلامیات کی درس وتدریس میں بہتری کے لئے کوشاں ہے۔ ۴؍مئی ۲۰۰۵ء کو انجمن نے جناح یونیورسٹی برائے خواتین کے آڈیٹوریم میں صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا اہتمام کیا، جس میں حیات طیبہ ﷺ کے تناظر میں عصر جدید کے اہم پہلوؤں پر علمائے کرام، پروفیسرز اور محققین نے تحقیقی مقالات پیش کیے، اس موقع پر ایک ششماہی مجلّہ کا اجراء بھی کیا گیا، جس کے سرپرست مفتی محمد نعیم اور چیف اڈیٹر پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی ہیں، یہ مجلہ جس کا نام ''علوم اسلامیہ'' ہے کئی حوالوں سے ایک منفرد درجہ کا حامل ہے، اس مجلّہ کو چار زبانوں میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترتیب دیا گیا ہے، اردو، عربی، سندھی اور انگریزی، افکار دین کو بیک وقت مختلف زبانوں کے سہارے اجاگر کرنے کا یہ انداز ''علوم اسلامیہ'' کا ایک امتیازی پہلو ہے اس طرح مختلف زبانوں میں اظہار رائے کے لئے ایک مستند فورم اساتذہ اور دیگر قلم کاروں کو حاصل ہوگا، جہاں وہ اپنے تحقیقی مقالات پیش کرسکیں گے۔

زیر نظر شمارے میں ۲۵ مقالات اردو میں ۵ مقالات انگریزی میں ۵ عربی میں اور ۵ سندھی میں تحریر کئے گئے ہیں، جن موضوعات کا انتخاب کیا گیا ہے، وہ چونکا دینے والے اور عصر حاضر میں سوال بن کر ذہنوں میں جاگنے والے ہیں، مثلاً ایک مقالے کا عنوان ہے ''دہشت گرد، فسادی اور عدم برداشت کا علمبردار کون؟'' جسے تحریر کیا ہے ممتاز عالم دین مولانا محمد اسعد تھانوی نے اسی طرح پروفیسر ڈاکٹر وسیم الدین، وفاقی اردو یونیورسٹی کا مقالہ ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خارجہ تعلقات سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں'' پروفیسر ڈاکٹر نیاز محمد کا مقالہ ''اعتدال پسندی اور روشن خیالی اسوۂ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں'' پروفیسر جمیلہ خانم کا مقالہ ''جہاد تعلیمات نبویہ ﷺ کی روشنی میں، مولانا سعید احمد صدیقی کا مقالہ ''روشن خیال اعتدال پسند اسلامی معاشرے کی تشکیل وضرورت'' اور پروفیسر قاری بدرالدین کا مقالہ ''عصر حاضر میں انتہا پسندی کا رجحان اوراس کا خاتمہ تعلیمات نبویہ ﷺ کی روشنی میں''۔ انگریزی، عربی اور سندھی حصے میں شامل مقالات بھی اپنے موضوعات کے حوالے سے عصر حاضر کی ترجمانی کرتے ہیں، رسول کریم ﷺ کی حیات طیبہ ﷺ قرآن کی تفسیر پیش کرتی ہے آپ ﷺ نے قرآن میں پیش کئے گئے احکامات الٰہی کو اپنی ذات بابرکات کا حصہ بنا کر انسان کامل اور برگزیدہ ترین ہستی ہونے کا ثبوت پیش کیا ہے، سیرت نبوی پر لاکھوں کتابیں اور مقالات لکھے جاچکے ہیں، لیکن ہمیشہ ایک تشنگی کا احساس رہتا ہے، کیوں کہ رسول کریم ﷺ حیات مبارکہ کے اتنے روشن پہلو ہیں اتنے زاویے ہیں کہ دنیا کی تمام روشنائی ختم ہوسکتی ہے لیکن ان پر اظہار خیال کی تشنگی ہمیشہ باقی رہے گی۔

''علوم اسلامیہ'' میں سیرت طیبہ ﷺ کے جو رخ پیش کئے گئے ہیں ان میں ہمہ گیریت بھی ہے اور ندرت بھی گہرائی بھی ہے اور تازگی بھی دراصل یہ مقالات اساتذہ اور علماء کی تحقیقی جستجو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا نچوڑ ہیں جس کا عکس لفظ لفظ میں جھلک رہا ہے، اکیسویں صدی کے آغاز میں مسلمانان عالم کو ایک نئے مسئلہ کا سامنا ہے۔ انہیں بنیاد پرست، فسادی اور دہشت گرد ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوڑی کا زور لگایا جارہا ہے، اس پس منظر میں ''علوم اسلامیہ'' میں شامل کئی تحقیقی مقالات قرآن وسنت کی روشنی میں حالات امروز کا باریک بینی سے تجزیہ پیش کرتے ہیں، مثلاً مولانا محمد اسعد تھانوی اپنے مقالے فاسدی اور عدم برداشت کا علمبردار کون میں انتہا پسندی اور اعتدال پسندی کے بارے میں لکھے ہے کہ ''کسی کام کو قواعد وضوابط کے مطابق انجام دینا اعتدال کہلاتا ہے اور ان قواعد وضوابط میں کمی بیشی کرنا افراط وتفریط قرار دیا جاتا ہے، اہل کتاب اپنے عقائد اور رویوں میں اعتدال کی راہ سے ہٹے ہوئے تھے اس لئے قرآن نے ان کے روئے کو انتہا پسندی سے تعبیر کیا (ترجمہ) ''اے اہل کتاب اپنے دین میں غلو (انتہا پسندی) نہ کرو اور اللہ کی طرف حق کے سوا کوئی بات منسوب نہ کرو''

پروفیسر قاری بدرالدین کا مقالہ ''عہد حاضر میں انتہا پسندی کا رجحان اور اس کا خاتمہ تعلیمات نبوی کی روشنی میں'' اپنے بیان اور مفاہیم کے حوالے سے ایک عمدہ تحریر ہے، آپ نے تفصیل کے ساتھ ان تمام عوامل پر روشنی ڈالی ہے جو ہمارے ملک میں انتہا پسندی کا سبب بنے ہیں، جس کے نتیجے میں ''بسا اوقات پورے ملک وقوم اور سارے انسانی معاشرے کو مصائب وآلام سے دو چار ہونا پڑتا ہے، انتہا پسندی کے بھیانک نتائج جو لوگوں کو بھگتنے پڑے ان سے انسانی تاریخ بھری پڑی ہے'' پروفیسر قاری بدرالدین نے حیات طیبہ ﷺ کی روشنی میں یہ ثابت کیا ہے کہ انتہا پسندی یا شدت پسندی رسول کریم ﷺ نے ہمیشہ ناپسند کیا ہے۔

اور یہی وجہ ہے کہ حیات نبوی عفو و درگزر اور حسن سلوک کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے، ان کی قائدانہ بصیرت اور سیاسی حکمت میں انتہا پسندی کا شائبہ بھی نہیں ہے، حدیث مبارکہ ہے کہ ''جو ہم پہ اسلحہ اٹھائے وہ ہم سے نہیں'' اس کے باوجود دوسروں پر اسلحہ سے حملہ آور ہونا انتہا پسندی کی ایک صورت ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلام ہر دور کے لئے ایک مکمل اور جامع دین ہے، یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے، قرآن ہر مسئلہ کا حل پیش کرتا ہے، نبی آخر الزماں علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سیرت طیبہ ﷺ ایک اسلامی معاشرے کی تشکیل کے لئے رہنما اصول اور حکمت عملی پیش کرتی ہے۔ اس حوالے سے مولانا سعید احمد صدیقی کا مقالہ ''عصر حاضر کے تقاضے اور ایک روشن خیال، اعتدال پسند اسلامی معاشرے کی تشکیل وضرورت سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں'' فکر انگیز بھی ہے اور تفسیر دین کا خوبصورت مرقعہ بھی ہے، مقالے میں قرآن وسنت کی روشنی میں روشن خیال معاشرے کی تشکیل کے لئے تجاویز واقدامات تجویز کئے گئے ہیں جن پر عمل درآمد سے معاشرے میں امن کا قیام، مملکت کا استحکام، تحمل وبرداشت، عفو ودرگزر، علم، بردباری اور رواداری کو فروغ حاصل ہوسکتا ہے۔

پروفیسر نسرین وسیم نے اپنے مقالے میں روشن خیالی اور اعتدال پسندی کے مفہوم کو رسول کریم صلی اللہ علہ وسلم کی تعلیمات کی روشنی میں پیش کیا ہے۔ انہوں نے اخلاق کو اعتدال پسندی کا محور قرار دیا ہے، اعتدال پسندی کی اہمیت کا اس سے بڑا ثبوت اور کیا ہوگا کہ یہ نبوت محمد یہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے پروفیسر سید شعیب اختر نے اپنے مقالے میں مذہب میں انتہا پسندی کے تصوارت پیدا ہونے کے اسباب پر روشنی ڈالی ہے، پروفیسر مشتاق کلوٹا نے مذاہب عالم میں انہا پسندانہ نظریات کے فروغ کا ایک تاریخی جائزہ پیش کیا ہے اور پھر طلوع اسلام کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قائم کردہ اعتدال پسند معاشرے کے خدوخال کو بے حد نفاست سے پیش کیا ہے۔

''علوم اسلامیہ'' میں شامل ہر مقالہ نگینہ کی مانند چمک دمک کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے، پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اس قدر جامع، پرمغز، سلیس وبلیغ، فکر انگیز، ہمہ گیریت سے آراستہ، موضوعات کے بے شمار رنگوں سے سجا ہوا رسالہ جاری کیا، جو اساتذہ میں تصنیف وتالیف وتحقیق کو فروغ دینے کے لئے ایک سنگ میل ثابت ہوگا، رب العزت سے دعا ہے کہ وہ اس کار خیر کی موصوف اور ان کی ٹیم کی مدد فرمائے۔ آمین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# گوشۂ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کی مختصر تاریخ

مرتب: پروفیسر سرور حسین خان

۱۔ اکتوبر 1962 میں کالجز میں اسلامیات کی تعلیم میں بہتری لانے کے لئے اردو کالج میں 15 اساتذہ جمع ہوئے جنہوں نے کونسل قائم کرکے پروفیسر محمود حسین صدیقی کو کنوینر مقرر کیا اور آئین کی تشکیل کے لئے پروفیسر یحییٰ ندوی اور پروفیسر اکبر حسینی کو کنونیر کا معاون مقرر کیا گیا۔

۲۔ 1968 میں ایس ایم کالج میں آئین کے بنیادی نکات پر اتفاق ہوا۔

۳۔ 1973ء میں سٹی کالج میں انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کی تشکیل عمل میں آئی جس کے سلیکشن کے ذریعے پہلے صدر پروفیسر دلدار علی غازی اور جنرل سیکریٹری پروفیسر محمد نسیم عثمانی مقرر ہوئے۔

۴۔ 1976ء میں پہلے انتخابات ہوئے اور مولانا پروفیسر محمد سلیمان بوگھیو مرحوم صدر جبکہ جنرل سیکریٹری پروفیسر محترمہ قمر آستان ودیگر عہدیداران منتخب ہوئے۔

۵۔ 1983 کے دوسرے انتخابات میں محترمہ پروفیسر حمیدہ اعجاز صاحبہ صدر اور پروفیسر سلطان محمد قریشی جنرل سیکریٹری ودیگر عہدیداران منتخب ہوئے۔

